بنوں میڈیکل کالج میں نئے آنے والے فرسٹ ایئر کے طلبہ کیلئے وائٹ کورٹ ویلکم پارٹی کی تقریب، تقریب میں بنوں میڈیکل کالج کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر شبیر حسین، پروفیسر ڈاکٹر محمد شعیب، پروفیسر ڈاکٹر محمد ندیم، پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق خان، لیٹریری چیئر مین پروفیسر ڈاکٹر اکرام اللہ خان اور دیگر فیکلٹی ممبران نے شرکت کی اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر محمد شعیب نے نئے آنے والے طلبہ سے حلف لیا

میڈیکل کالج کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر شبیر حسین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فرسٹ ائیر میں آنے والے ان طلبہ نے ایک معزز پیشہ چنا ہے جو کہ خدمت خلق کا ایک بڑا ذریعہ ہے لیکن ان طلبہ کو چاہئے خوب محنت کیساتھ پڑھائی کریں اور اس معزز پیشے کو سنجیدگی سے لیکر آگے بڑھیں ان کا مزید کہنا تھا کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ اخلاقی تربیت بھی انتہائی ضروری ہے تاکہ یہ طلبہ آگے بڑھ کر مستقبل میں ملک کے ذمہ دار اور بااخلاق انسان بھی بن سکیں جس پر بنوں میڈیکل کالج بنوں کی فیکلٹی بھرپور توجہ دے رہی ہے ان کا کہنا تھا کہ بنوں میڈیکل کالج بنوں میں 2006 میں بنا جس میں تعلیمی سرگرمیوں کا آغاز عارضی عمارت میں ہوا لیکن آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے اپنی عمارت میں پڑھائی جاری رکھے ہوئے ہیں جو بڑی کامیابی ہے ان کا مزید کہنا تھا کہ بنوں میڈیکل کالج بنوں اپنے اہداف کی طرف بڑھ رہا ہے انشاءاللہ جتنی کامیابی ہمیں اب تک ملی ہے اس سے کہیں زیادہ کامیابیاں سمیٹنے کیلئے جدوجہد کریں گے طلبہ

اپنی پڑھائی جاری رکھیں اور کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں تاکہ آپ زندگی میں آگے بڑھ کر اس ملک و قوم کے معمار بن سکیں۔
اس موقع پر نئے آنے والے فرسٹ ائیر کے طلبہ کو خوش آمدید کہا گیا اور تقریب کی مناسبت سے کیک بھی کاٹا گیا

رِزْقاً طَيِّباً

GOVT. OF KHYBER PAKHTUNKHWA
HEALTH DEPARTMENT
BANNU MEDICAL COLLEGE BANNU
BANNU